# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 27اکتوبر ،2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا آج ہنگامی اجلاس آئندہ عام انتخابات کے لئے حلقہ بندیوں اور انتخابی فہرستوں کی نظرثانی سے متعلق ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا نے کی۔ اجلاس میں سیکرٹری لاء اینڈ جسٹس اور سیکرٹری شماریات ڈویژن کے علاوہ الیکشن کمیشن کے دیگر سینئر افسران بھی شامل تھے۔

الیکشن کمیشن نے اجلاس میں حکومت کی طرف سے حلقہ بندیوں کے سلسلے میں ضروری آئینی اور قانونی ترامیم نہ کرنے اور محکمہ شماریات کی جانب سے ضروری نقشہ جات اور ڈیٹا فراہم نہ کرنے پر تشویش کا اظہار کیا۔ سیکرٹری لاء اینڈ جسٹس نے الیکشن کمیشن کو یقین دلایا کہ تمام ضروری آئینی اور قانونی ترامیم جلد از جلد مکمل کی جائیں گی تاکہ الیکشن کمیشن اپنا کام بروقت مکمل کر سکے۔ سیکرٹری شماریات ڈویژن نے بھی الیکشن کمیشن کو فوری طور پر ضروری نقشہ جات اور ڈیٹا فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ الیکشن کمیشن نے دونوں اداروں کو سات (07) دن کا وقت دیا ہے کہ وہ اپنے اپنے کام کی تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ الیکشن کمیشن اپنی آئینی ذمہ داریاں مقررہ وقت پر پوری کر سکے۔ الیکشن کمیشن نے یہ بھی متنبہ کیا کہ تاخیر کی صورت میں الیکشن کمیشن ذمہ دار نہ ہو گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆